www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

urdukutabkhanapk.blogspot



Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

حرفِ اوّل

بس یہی بات حرفِ آخر لی جائے کہ یہ بات میری بات نہیں ہے ——— یہ میری کوشش نہیں ہے کیونکہ ——— کاوش یا کوشش کسی شعوری عمل کا نام ہے۔

یہ سراسر فیض ہے میرے شیخ واصف علی واصفؒ کی نظر کا!

کسی خوش نصیب کا مِل جانا خوش نصیبی ہے ——— اور مجھے اپنی خوش نصیبی پر کوئی شُبہ نہیں۔

واصفؒ صاحب ہی کا قول ہے ——— "فیضِ نظر کے لئے منظورِ نظر ہونا شرط ہے"۔ سوچتا ہوں کبھی کبھی یہ شرط یُوں بھی پُوری ہو جاتی ہے کہ صاحبِ نظر پہلے نظروں میں جگہ دے اور پھر نظر عطا کر دے۔ صدا سے پہلے خیرات کا مِلنا، کمال فقیر کا نہیں کمال سخی کا ہے ——— حق یہ ہے کہ مَیں اس کا حق دار نہ تھا۔

یہ تجربہ ہے کہ آگ کی سنگت لوہے کو گرم بھی کرتی ہے اور نرم بھی

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

——— اور یہ میرا ایمان ہے کہ شیخ سے دُوری مجھے سَرد بھی کردے گی اور سخت بھی۔ المختصر ——— یہ چند اوراق نتیجۂ تفکر نہیں، تقرب ہیں۔

میرے لفظوں کو واصفؒ صاحب سے وُہی نسبت ہے جو جسموں کو رُوح سے ہوتی ہے۔ رُوح نکل جائے تو جسم اور لفظ دونوں لاشے کہلاتے ہیں ——— اور لاشوں کی چَلت پھرت ان کی زندگی کی دلیل نہیں ہوتی۔ فیض، زندگی بخشتا ہے ——— لفظوں کو بھی جسموں کو بھی ——— زندگی، معنویت پیدا کرتی ہے ——— جتنی بڑی زندگی، اُتنی بڑی معنویت!

مجھے ان باتوں کے نئے ہونے کا دعویٰ نہیں۔ واصفؒ صاحب کا قول ہے ——— "بات جتنی پُرانی ہوگی، اُتنی ہی صداقت کے قریب تر ہوگی" ——— فکر کی دھونی رمانے والا کسی نہ کسی حقیقت تک ہی پہنچتا ہے ——— اور کائناتی حقیقتیں تو ایک ہی رہی ہیں اور ایک ہی رہیں گی۔

پھر تخلیق کیا ہے ——— ؟

تخلیق، ربط ڈھونڈھنے کا نام ہے ——— یقین اور

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

عقل کے درمیان ربط ڈھونڈنے کا نام۔ سچائی کی تخلیق ایک مشکل کام ہے۔ کیونکہ ضمیر کو مطمئن کئے بغیر یہ ممکن نہیں۔

سچائی ——— اُس عمل کا نام ہے جو سچ کے قریب تر ہو۔

——— اور سچ کیا ہے ——— ؟

——— بقولِ شیخ ——— "سچے کا قول"

قارئین کرام ——— ! رُخ صرف دو نہیں ہوتے ——— بلکہ بہت سے ہوتے ہیں۔ ہر رُخ ایک حقیقت ہے۔ حقیقت، حق کے ایک حکم کا نام ہے۔

سو ——— ہر حقیقت ایک حکم ہے ——— اور احکام مختلف ہوتے ہیں، متضاد نہیں ہوتے۔ اُلجھن وہاں پیدا ہوتی ہے جہاں ہم ایک ہی مقام پر کھڑے ہو کر مختلف حکموں کا تقابل شروع کر دیتے ہیں۔ فزکس کی دُنیا کہتی ہے کہ مقام (FRAME OF REFERENCE) بدل جائے تو نوعیتِ ادراک بدل جاتی ہے مختصر یہ کہ یہ ایک رُخ ہے ——— ایک حقیقت ہے

صرف ایک حقیقت ——— اور اس کی حقیقت ایک خبر کی سی ہے

خبر پر یقین کا نام علم ہے ——— مجھے خبر پر یقین ہے کیونکہ مجھے مخبر پر یقین ہے!

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

قارئین ——— ! اگرچہ کرن کرن سورج ہے لیکن سورج بہرحال سورج ہے۔ سو گزارش یہ ہے کہ اس ایک اور وہ بھی پہلی کرن کو سورج کی کسوٹی پر نہ پرکھا جائے۔ واصف صاحب کی بات میں جو گہرائی اور گیرائی ہے، اس تک میری پہنچ ممکن نہیں ——— میرے پر جلتے ہیں خیال، ذہن کے آنگن میں دبے پاؤں داخل ہوتا ہے اور ——— ذہن میں پہلے سے موجود کسی قریب ترین لفظ کو گرفت میں لیتا ہے ——— خواہ وہ لفظ کسی بھی زبان کا کیوں نہ ہو۔ اس کتاب میں آپ کہیں کہیں "انگریزی نما" بھی پائیں گے ——— سو اس کے لئے پیشگی معذرت۔

قارئین کرام ——— ! آئندہ اوراق میں آپ کو کہیں خوبصورتی نظر آئے تو اسے میرے شیخ کی کرامت سمجھئے ——— اور اگر کوئی خامی ہے تو وہ یقیناً میری بہت سی خامیوں میں سے کوئی ایک ہو گی۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اگر تم خدا کے ہو تو ——— خدائی تمہاری ہے۔

خوف ——— ایک چھوت کا مرض ہے۔
یہ مرض اُس وقت TRANSMIT ہوتا ہے جب احساسِ کمتری میں مبتلا دو مریض ایک دوسرے کے قریب آنے کی کوشش کرتے ہیں۔

یہ کائنات ایک حادثہ نہیں ہے ——— حادثے میں
اِس قدر حُسن نہیں ہو سکتا ——— کیونکہ حُسن، حُسنِ ترتیب
کا نام ہے
اور حادثہ ———؟
——— کسی ترتیب کے بکھر جانے کا نام !!

لذّت کا انجام ——— بالعموم ندامت کے آغاز پر ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اخلاص کیا ہے ——— ؟

اخلاص ایک ایسے ناتے کا نام ہے جس میں کوئی چور دروازہ نہ رکھا جائے۔

اور خود غرضی ——— ؟

اپنے ناتوں میں چور دَروازے ڈھونڈنے کا نام!

○

بیمار معاشرہ کیا ہوتا ہے ——— ؟

بیمار معاشرہ وہ ہوتا ہے جہاں ہر فرد کو اُس وقت تک بے عزت سمجھا جائے جب تک وہ خود کو عزت دار ثابت نہ کرے۔

اور ——— جہاں عزت کی سَند حاصل کرنے کا واحد ذریعہ دولت ہو۔

○

دَانائی ——— جُھکنا جانتی ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

گناہ ——— خوف پیدا کرتا ہے۔
خوف ——— بُزدلی کی طرف مائل کرتا ہے۔
اور بُزدلی ——— صداقت سے محروم کر دیتی ہے۔

○

دولت ——— صرف دوسرے درجے کے ذہنوں کی مجبوری ہے۔

○

اگر ——— آپ اپنا آپ پڑھنا چاہیں تو دُوسروں کی آنکھوں میں پڑھ سکتے ہیں۔
آنکھیں ——— آئینے ہیں!

○

اُمید کبھی مایوس نہیں کرتی ——— صرف خواہش مایوس کرتی ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

کیا ـــــ دُنیا میں سب سے مضبوط رشتہ فاتح اور مفتوح ہی کا باقی رہ گیا ہے ـــــ کہ یہ اگر بدل جائے تو بھی وُہی رہتا ہے!

○

ماضی ـــــ اِس لئے قابلِ احترام ہے کہ یہ ہمارے لئے بنایا گیا۔

اور مستقبل ـــــ اِس لئے معتبر کہ ہم اِس کے لئے بنائے گئے۔

○

جب ـــــ ظالم، ظلم کرنے کو اپنا حق سمجھنے لگے تو ـــــ اُس سے یہ حق چھین لینا چاہیئے۔

○

خاموشی میسّر نہ ہو تو ـــــ علم ایک عذاب ہے۔

●

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

"بن بُلائے" بولنے والا بے حیائی کا مرتکب ہوتا ہے کیونکہ وہ خود کو عریاں کرنے کے سوا اور کچھ نہیں کرتا۔

یہ مکان تمہارے نام ہے ——— ؟
یہ زمین بھی تمہارے نام ہے ——— ؟
یہ بینک بیلنس بھی تمہارے نام ہے ——— ؟
تمہارا نام کیا ہے ——— ؟؟؟

ہر کھنڈر ——— ماضی کا ایک شہر ہوتا ہے۔
اور ہر شہر ——— مستقبل کا کھنڈر ہوتا ہے۔

انسان کی زبان سے خدا کی سب سے بڑی تعریف یہ ہے کہ
——— "خدایا! مَیں عظیم نہیں ہوں"

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اجتماعی مفاد اور انفرادی مفاد میں کچھ اِتنا فرق نہیں ہے
کیونکہ ——— اجتماع میں صرف ایک نہیں بہت
سے افراد آجاتے ہیں!

دُنیا والوں پر دُنیا میں، عذاب جس شکل میں نازل ہوتا ہے
اُس کا نام ——— خوف ہے۔
——— کچھ نہ کچھ چھن جانے کا خوف
——— دَوڑ میں پیچھے رہ جانے کا خوف
——— لوگوں کو خوف زدہ کرنے میں ناکام رہ جانے کا خوف !!

اُس نے کہا ——— کسی کی اطاعت نہ کرو۔
ہم نے اُس کی اطاعت کی ——— سو ہم نے اُس
کی اطاعت نہیں کی!

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

بلندی اور پستی میں ایک یہ قدر مشترک ہے کہ ـــــ بلندی کے بلند ہونے اور پستی کے پست ہونے کی کوئی حد نہیں۔

○

دوزخ ـــــ مایوسیوں کے ایک گڑھے کا نام ہے۔

○

خاموشی کی دلیل ـــــ اپنی ذات پر اعتماد ہے۔

○

شعور کب دوزخ بنتا ہے ـــــ؟
ـــ جب شعور، خُدائی دیکھے اور خُدا نہ دیکھے۔

○

کیا غلطی کا سرزد ہو جانا ـــ آدمی کے غلط ہونے کی دلیل ہو سکتا ہے؟

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

عقل سے بہت کچھ حاصل ہو سکتا ہے لیکن ——— ممکن ہے اس سے عقل ہی حاصل نہ ہو!

○

تعریف کیے جانے کی خواہش ——— شرک کی ایک اَدنی قسم ہے ——— کیونکہ ——— سب تعریفوں کا مالک وہ ہے جو عالمین کا ربّ ہے۔

○

مصلحت جان لینے کے بعد حکم ماننا ——— دراصل ایک مشورہ ماننے کے مترادف ہے!

○

جب خدا کسی سے ہدایت سلب کرنا چاہتا ہے تو ——— ——— سب سے پہلے اُس سے اُس کی غلطیوں کا شعور سلب کر لیتا ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

موت ـــــــ زندگی کا پہلا اور آخری تجربہ ہے۔ کیونکہ اس کے بعد ہمیشہ کی زندگی ہے۔

○

جمع کرنے اور تقسیم کرنے میں کچھ زیادہ فرق نہیں ـــــ عقلمندی سے جمع کرنے کو تقسیم کرنا کہتے ہیں۔

○

دوست ـــــــ!

یہ کیسا ستم ہے ـــــ تم اپنے سے طاقتور کو اپنا دوست بنانا چاہتے ہو۔ لیکن اپنے دوست کو اپنے سے کمزور دیکھنا چاہتے ہو۔

○

انسان سب سے زیادہ غیر محفوظ اس لمحے میں ہوتا ہے جس لمحے وہ خود کو محفوظ تصوّر کرنے لگتا ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

علم کے بعد بے عملی ـــــــ علم پر یقین کم کر دیتی ہے۔

○

موت ـــــــ زندگی کی آخری پناہ گاہ ہے !

○

انسان جب تک اپنا مول نہیں لگاتا ـــــــ انمول کہلاتا ہے۔

○

بندوں کے ساتھ سب سے بڑی بُرائی ان کے ساتھ جھوٹ بولنا ہے۔

○

خدا کے بارے میں جو کچھ ہم جانتے ہیں وہ یہ ہے کہ خدا سب کچھ جانتا ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

جس طرح گلاب کے منہ سے نکلی ہوئی بات کو خوشبو کہتے ہیں ——— اسی طرح دہنِ صادق ﷺ سے ادا ہوئی بات کو صداقت کہتے ہیں۔

○

جنت ——— عالی ہمت، عالی ظرف اور پھر بے قرار رُوحوں کی جائے قرار کا نام ہے۔

جنت ——— آسُودگیٔ خیال کا نام ہے ———

اور دوزخ ——— پراگندگیٔ خیال!

○

خدا کا ظرف ——— لامحدود ہے۔

یہ خدا ہی کی عالی ظرفی ہے کہ وہ لامحدود ہوتے ہوئے محدود کو دوست بنا لیتا ہے۔

خدا بے نیاز ہے لیکن نیاز مندوں کو نظر انداز نہیں کرتا!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

خدائی رویہ اور انسانی رویہ ——— ان میں فرق یہ ہے کہ خدا اپنے بندوں میں خود ایک خوبی پیدا کرتا ہے اور پھر خود ہی اس کی جزا دیتا ہے ——— اور انسان اپنے بھائی بندوں میں خود ایک بُرائی پیدا کرتے ہیں اور پھر خود ہی اس پر سزا دینا چاہتے ہیں!

○

انسان کی بہترین آزمائش ——— اُس کی طاقت ہے
اور بہترین آزمائش گاہ ——— اُس کی تنہائی۔
ہر شخص اپنی تنہائی میں یا بہت طاقتور ہوتا ہے یا بہت کمزور!

○

کامیابی ——— اُن کے مقدر میں لکھی جاتی ہے جنہیں اپنی کامیابی کا یقین ہوتا ہے۔
سو ——— یقین ایک مقدر ساز چیز ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

انسان کی عاجزی کی انتہا یہ ہے کہ یہ اپنی عاجزی کا اقرار کرنے سے بھی عاجز ہے۔

○

"اِس زمین کا مالک کون ہے ——— ؟"
"تم ہو ——— ؟"
چلو کوئی بات نہیں ——— نام بدل جانے سے کیا فرق پڑتا ہے۔

○

ہجوم میں تنہائی برقرار رکھنے والا شخص ہی ایک مضبوط زندگی کا مالک ہے۔

⑨

لوگ بولنا آسان سمجھتے ہیں اور خاموش رہنا مشکل ———
——— حالانکہ خاموش رہنا تو اس قدر آسان ہے کہ اِس میں زبان بھی نہیں ہلانا پڑتی!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

کائنات کی تاریخ میں اب تک جو کچھ بھی ہوا ہے اس میں
سب سے بہتر یہی ہوا ہے کہ اس سے بہتر کچھ نہیں ہو
سکتا تھا۔

○

ایک کامیاب زندگی کا حاصل ——— ایک پُرسکون
موت کے سوا اور کیا ہے !!

○

خاموشی کو بولنے پر اس لئے فوقیت ہے کہ ———
بولنا جسم کا عمل ہے ——— اور خاموشی ——— رُوح کا عمل!

○

سکون حاصل کرنے کی تمنا کا دوسرا نام بے سکونی ہے۔
سکون ——— ایک فریبِ نظر ہے کیونکہ ———
"سکون" ——— ایک RHYTHMIC تغیّر کا نام ہے!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

کسی غریب کا اپنی غربت پر ندامت اختیار کرنا اتنا ہی
بُرا ہے جتنا کسی امیر کا اپنی امارت پر غرور کرنا۔

○

انسان کی خوشی کا راز کیا ہے ——؟
وُہ محدُود خوشی کو لا محدود سمجھ لیتا ہے۔
یہ شعور کہ خوشی محدود ہے ——خوشی کو
غم بنا دیتا ہے۔

○

اِس دُنیا میں انسان زیادہ سے زیادہ بس کامیابی ہی
حاصل کر سکتا ہے —— اور کوئی کامیابی انسان کو
موت سے نہیں بچا سکتی !

○

معمولی بات سے ایک غیر معمولی نتیجہ کشید کرنا —— ایک
غیر معمولی بات ہے!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

بُرائی میں کشش ـــــــ صرف اُس وقت تک ہے جب تک اسے اختیار نہیں کر لیا جاتا!

(۱)

آزمائش کا ایک SIDE EFFECT یہ ہوتا ہے کہ یہ بے یقینی کی کیفیت پیدا کر دیتی ہے۔
آزمائش ـــــــ اگر آپ کا یقین چھین لینے میں ناکام رہی ہے تو آپ کامیاب ہیں۔

(۲)

خود کو منوانے کے لئے طاقت کے استعمال کی خواہش ـــــــ کمزوری کی دلیل ہے۔

(۳)

جہاں محبّت کی حکمرانی نہ ہو ـــــــ وہاں خوف کی حکومت ہوتی ہے۔

(۴)

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

موت ـــــــ ایک مکاشفہ ہے۔
کیونکہ ـــــــ یہ سب حجاب دُور کر دیتی ہے۔

○

ہر اختلاف ـــــــ تضاد نہیں ہوتا کیونکہ ـــــــ
اختلاف ـــــــ راستوں کا ہوتا ہے اور ـــــــ
تضاد ـــــــ منزلوں کا !

○

انسان کو عام طور پر وُہی ذمّہ داری پریشان کرتی ہے جو
اُس کی نہیں ہوتی۔

○

میرے فطرت پسند دوست ـــــــ !
سب سے بڑی فطرت ـــــــ فاطر کا حکم ماننا ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

عقل ـــــــ !
عقل ـــــــ بعض اوقات بُزدلی کا ایک جواز بن جاتی ہے۔

○

زندگی اتنی ہی خوبصورت ہے جتنا ہمارا اعتماد !!

○

علم کیا ہے ـــــــ ؟
ـــــــ عبرت بننے سے پہلے عبرت پکڑنے کا فن !!

①

مَیں ضرور دہریہ بن جاتا ـــــــ اگر کوئی مجھے یہ سمجھا دیتا کہ ـــــــ اِس کائنات کی لاشمار قوتوں نے آپس میں یہ کیسے سمجھوتہ کرلیا کہ وہ صرف حُسن ہی پیدا کریں گی۔

①

علم ـــــــ وحدت کی طرف سفر کا نام ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

بُرائی ـــــ ایک نشے کی مانند ہوتی ہے ـــــ کیونکہ ہر نشہ باز یہ جان رہا ہوتا ہے کہ نشہ باعثِ ہلاکت ہے!

○

زندگی ـــــ جب کسی کو دھوکہ دینا چاہتی ہے تو اُس کی نظروں سے موت کو اوجھل کر دیتی ہے۔

○

اندیشہ ـــــ کسی آنے والی آفت کے ڈر کا نام ہے ـــــ جو آفت ابھی آئی ہی نہیں اُس سے ڈر کیسا؟ اور ـــــ جو آفت آ ہی چکی، اُس سے بھی اب کیسا ڈر !!

ڈر ـــــ ایک واہمہ ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہماری کسی صلاحیت کی معراج یہ ہوتی ہے کہ ——
ہم اس کی معرفت خدا کی معرفت حاصل کرلیں۔

○

ایک اچھا غریب وہ ہوتا ہے جو دولت مندوں کی دولت دیکھ کر حسد نہ کرے —— اور اچھا امیر وہ ہوتا ہے جو غریبوں کو اپنی دولت سے خوفزدہ نہ کرے۔

○

فراغت —— موت سے لے کر حشر تک کے ایک وقفے کا نام ہے۔

○

ہمارا دُرست مؤقف بھی اُس لمحے غلط ہونا شروع ہو جاتا ہے جس لمحے ہم صرف اپنے ہی مؤقف کو دُرست سمجھنے لگتے ہیں۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ایک کم ظرف انسان کی اور بہت سی نشانیوں کے علاوہ
ایک نشانی یہ بھی ہوتی ہے کہ ——— وہ مہمان سرائے کو اپنا
گھر سمجھ بیٹھتا ہے۔

○

لذتیں پناہ گاہیں ہیں۔
دوست ———!
پناہ گاہوں کی تلاش کمزور لوگ کرتے ہیں!

○

کائنات کیا ہے ———؟
شاید میری ہی زندگی کا ایک دوسرا نام !!

○

زمانوں میں محفوظ ترین زمانہ، مستقبل ہے ——— اِس
تک کسی آفت کی پہنچ نہیں۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

دانائی کیا ہے ـــــــ ؟

دانائی کیا نہیں ہے ـــــــ ؟

میرے آقاؐ کا ارشاد ہے: "دانائی کی بنیاد خوفِ خدا ہے"۔

دوست ـــــــ !

دانائی ـــــــ داناؤں کی بات کو کہتے ہیں۔

دانائی ـــــــ داناؤں کی بات مان لینے کو بھی کہتے ہیں۔

○

اگر ہر پُرانی نسل، نئی نسل کو سمجھ لے ـــــــ اور ہر نئی نسل، پرانی نسل کو مان لے ـــــــ تو "نئے" "پُرانے" کا ایک بہت پرانا جھگڑا ختم ہو جائے۔

○

یقین اور تذبذب میں کیا فرق ہے ـــــــ ؟

ـــــــ بس یہی کہ ـــــــ یقین جنّت ہے

ـــــــ اور تذبذب ـــــــ جہنّم !

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہمارے درمیان فاصلہ بڑھ جانے کی ایک وجہ یہ بھی ہے
کہ ہم نے اپنے بڑوں سے خوف زدہ ہونا اور پھر اپنے چھوٹوں
کو اسی ترتیب سے خوف زدہ کرنا سیکھ لیا ہے۔

خوف ـــــ دُوری ہے
اور شوق ـــــ تقرب کی راہ!

○

کسی کو سزا دینے کا ایک طریقہ یہ بھی ہوتا ہے کہ ـــ مجرم
کو احساسِ تفاخر میں مبتلا کر دیا جائے۔

میرے دوست ـــــ!
آج کا انسان سزا یافتہ ہے۔

○

کون بلند ہے ـــــ ؟ ـــ کون پست ہے ـــ؟
ـــــ سبھی کے پاؤں زمین پر ہیں۔
بلندی ـــ نگاہ کی بلندی ہے ـــ اور پستی ـــ فکر کی پستی!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

شیخی خوری کی بنیاد یہ غلط فہمی ہوتی ہے کہ ـــــ مخاطب بھی بیان کردہ بات کو شاید اُتنی ہی اہمیت دے رہا ہے۔

○

جھوٹے سے دوستی ناممکن ہے کیونکہ ـــــ دوستی اعتماد مانگتی ہے اور ـــــ جھوٹ پر شعوری اعتماد ممکن نہیں۔

○

زندگی ـــــ عظیم ہے ـــــ کیونکہ ـــــ یہ ہمیں عظیم بنانے کے لئے آتی ہے۔

○

اندھیرا دیکھنے کے لئے بھی روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور ـــــ روشنی کا تعلق بینائی سے ہے!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

خالق کی کسی تخلیق کو بلا مقصد خیال کرنا ـــــ الحکیم کی حکمت سے کُفر کے مترادف ہے۔

دوست ـــــ!

خالق کی ایک معتبر تخلیق تم بھی ہو ـــــ اپنے ہونے کا وثوق پیدا کرو۔

○

خدا جس کو زمین پر عاجز کرنا چاہتا ہے ـــــ اُس سے عاجزی چھین لیتا ہے۔

○

عقیدت کے آداب ـــــ!

عقیدت کے آداب میں یہ چیز شامل ہے کہ عقیدت کے نام پر کوئی ایسی چیز نہ اختیار کر لی جائے جو اُسے ہی ناپسند ہو جس سے عقیدت کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

غصّہ ـــــ اپنی توقع کے مسخ ہو جانے پر پیدا ہوتا ہے
سو ـــــ غصّے پر قابو پانے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے
کہ اپنی توقعات پر قابو پا لیا جائے۔

○

خُدا پر یقین کرو یا نہ کرو ـــــ انسان پر ضرور یقین کر لو۔
ـــــ وہ تمہیں خدا تک پہنچا دے گا۔
انسان پر یقین کرنا ـــــ انسانیت کی تعظیم کرنا ہے
ـــــ اپنی تعظیم کرنا ہے۔
دوست ـــــ!
اپنی تعظیم کرو۔

○

موت ـــــ انسان کی سب سے بڑی مجبُوری ہے۔ یہ انسان
کی مجبوری ہے کہ وہ موت کی سرحد پار کئے بغیر زندگی کی تکمیل
نہیں کر سکتا!

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

انسان کی قدر ـــــــ اُس کا خیال متعین کرتا ہے۔
انسان ـــــــ دراصل اپنے خیال ہی کا نام ہے۔
معلوم نہیں ایک بہترین خیال، بہترین انسان میں پایا جاتا ہے یا بہترین انسان، بہترین خیال میں!

○

طاقتوروں کو چاہیے کمزوروں کی تکریم کریں کیونکہ ـــــــ کمزوروں کی کمزوری، طاقتوروں کی طاقتوری کا ثبوت بھی ہے اور باعث بھی۔
کیا ـــــــ انسان نے اپنی تکریم کرنے کی ریت ترک کر ڈالی ہے ـــــــ؟

○

دُنیا ـــــــ ایک سیرگاہ ہے۔
دوست ـــــــ!
سیرگاہ میں دنگا نہیں کرتے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

دُنیا میں کامیابی کا فیصلہ چند لوگ ہی کرتے ہیں۔
—— وہ لوگ مِٹ جائیں تو کامیابی مِٹ جاتی ہے۔
ہر آدمی ہر شعبے میں ہر وقت کامیاب نہیں ہو سکتا۔

○

"اَلمتکبّر" —— خدا کی وہ صفت ہے، جس
میں انسان کی شرکت، شرک ہے۔

○

فساد کی بنیاد —— شک ہے ——
دوسروں کی نیّت پر شک!

○

شک کیا ہے ——؟
اَپنے آپ پر عدم اعتماد کی ایک کیفیت کا نام۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

پہلی کرن

وُہ کمال حاصل کرنے کا کیا فائدہ ——— جس کا کمال پھر ایک زوال ہو۔

○

بڑی نیکی کیا ہے اور بڑا گناہ کیا ہے؟
بڑی نیکی عام طور پر وُہی ہوتی ہے جسے ہم چھوٹی سی سمجھ کر چھوڑ دیتے ہیں ——— اور بڑا گناہ بھی وُہی ہوتا ہے جسے ہم چھوٹا سا سمجھ کر چھوڑتے ہی نہیں!

○

خوف ——— صرف نامعلوم کا ہوتا ہے!

○

جو قوم اپنی تاریخ بدل دیتی ہے ——— تاریخ، اُس کا جغرافیہ بدل دیتی ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اگر تم اپنی زبان سے یہ وعدہ لے لو کہ وہ صرف ایک معقول
بات کرے گی تو ـــــ تم دیکھو گے ـــــــــــــ
رفتہ رفتہ تم خاموش ہوتے جا رہے ہو۔

○

دوست ـــــ !
جوانی میں اس قدر تیز نہ چلو ـــــ
ـــــ آگے بڑھاپا ہے۔

○

یہ بات کہنا بڑے کمال کی بات ہے کہ مجھ میں کمال
کی کوئی بات نہیں۔

○

زندہ رہنے کا واحد جواز ـــــ اُمید ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

عقلمندی کی اخلاقیات پوچھتے ہو ——— ؟
عقلمندی کی اخلاقیات یہ ہے کہ ——— تم اپنے بڑوں کے سامنے بے وقوف بن جاؤ ——— تاکہ اپنے چھوٹوں کے لیے عقل مند بن سکو۔

○

ہمارے فیصلے صرف اس وقت غلط ہونے لگتے ہیں جب ہم اپنے خلاف کوئی فیصلہ کرنے سے ڈر جاتے ہیں۔

○

میرے دوست ———!
بات امیر اور غریب کی نہیں ———
بات سچے اور جھوٹے کی ہے۔
غریب وہ ہوتا ہے جو سچ کی دولت سے محروم ہو۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

انسان سب سے زیادہ بے وقوف اس وقت بنتا ہے جب
وہ عقل مند بننے کی کوشش میں ہوتا ہے۔

○

اخلاص کا مطلب ——— ؟
اپنے آپ سے بے نیاز ہو جانا۔
اور خود غرضی ——— ؟
اپنے علاوہ ہر کسی سے بے نیازی!

○

بے اَدب ——— اُس شخص کو نہیں کہتے جو اَدب
جانتا نہ ہو بلکہ بے اَدب اُس شخص کو کہتے ہیں جو اَدب
ترک کر دے۔

○

غم ——— خوشی کے کمزور پڑ جانے کا نام ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

غلطیوں میں سب سے بڑی غلطی یہ ہوتی ہے کہ ــــــ
ــــــ غلطی کرنے کو اپنا حق سمجھ لیا جائے۔

○

اِس دُنیا کو غیر محفوظ سمجھنا ــــــ اور پھر اِسی دُنیا میں حفاظت تلاش کرنا ــــــ انسان کا ایک مضحکہ خیز عمل ہے!

○

اخلاص ــــــ وہ گوہر ہے جو دُنیا کی نظروں سے پوشیدہ رہے تو بھی اُتنا ہی قیمتی ہے۔

○

عقل ــــــ بَروقت عقل استعمال کرنے کا نام ہے۔
عقلمندی سے لکیر پیٹنے کو بے وقوفی کہتے ہیں۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

طاقت جس کا نام ہے وہ ایک فریبِ نظر ہے
——— زیرک وہ ہے جو فریبوں سے بچ نکلے!

○

پنے مفادات کے خزانے پر سانپ بن کر پہرہ نہ دو۔
دست ———!
زانے انسانوں کے لئے ہوتے ہیں۔

○

ری شناسائیاں ———
اری آزمائشیں ہیں۔

○

انسان کی اصل طاقت ——— اُس کا اختیار ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہماری صلاحیتیں اور ہماری لذتیں ——— ہمارے نصیب میں ایک دوسرے کے لئے گروی رکھ دی گئی ہیں۔

○

تدبیر اور تقدیر کی بحث کرنا کمزور ذہنوں کا شیوہ۔ طاقت ور ذہن صرف تدبیر کیا کرتے ہیں ——— ——— طاقت ور تدبیر!

○

کسی کی ضرورت پوری کرنے کو احسان کا نام دینا کم ظرفی ہے۔

⑥

عقل کی آخری پناہ گاہ ——— عشق ہے!

⑦

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

مجھے یقین ہے تم میرے متعلق اس سے زیادہ کچھ نہیں
سوچ سکتے جو میں تمہارے متعلق سوچتا ہوں۔
سو ——— میں تمہارے متعلق خیر ہی سوچتا ہوں۔

۳

بدصورت شخص وہ ہوتا ہے جس کی تنہائی بدصورت
ہو۔

۴

ادب کی خاطر جھوٹ بول دینے والا شخص سچا ہے۔
اور ——— اپنے سچ کی خاطر ادب ترک کر دینے والا
جھوٹا ہے کیونکہ ——— سچ کی دنیا میں سب سے بڑی
سچائی ——— ادب ہے۔

۵

اپنی پسند کی نیکی کرنا ——— کیا نیکی میں ملاوٹ نہیں ہے؟

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

آزمائش کیا ہے ——— ؟

آزمائش ——— خدا کا اپنے خاص بندوں کو انعام عطا کرنے کے ایک جواز کا نام ہے۔

①

فلسفہ ——— حقیقت کی تلاش کا نام ہے۔

اور تصوّف ——— رابطے کا نام !

○

ہم سب رہتے ایک ہی دُنیا میں ہیں لیکن ——— ہم سب کی دُنیا الگ الگ ہے !

①

شک ——— خوف ——— عذاب

یہ تینوں الفاظ باہم مترادفات ہیں۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

موت ـــــــ اِس لئے یکلخت وارد ہوتی ہے کہ
ـــــــ موت سے ڈرنے والے اِس سے اور ڈر جائیں
اور ـــــــ موت سے بے خوف لوگ اِس سے اور
بے خوف ہو جائیں۔

○

صبر ـــــــ ایک خاموش اُمید کا نام ہے۔
ـــــــ اپنی اُمید پر قناعت کر لینے کا نام!

○

خواہش اور شکستگی ـــــــ عام طور پر ساتھ ساتھ
چلتی ہیں۔

○

بیوقوفی ـــــــ اپنی عقلمندی کے احساس کو کہتے ہیں اور
عقلمندی ـــــــ اپنی بے عقلی کے شعور کا نام ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہم اپنی بات کم ہی کر پاتے ہیں کیونکہ ـــــــ ہمیں ایک دوسرے کی باتوں کو ایک دوسرے تک ہی منتقل کرتے رہنے سے فرصت نہیں ملتی۔

○

ہم اپنے فرائض کو اپنے احسانات سمجھتے ہیں۔ اور ـــــ دوسروں کے احسانات کو ان کے فرائض کا نام دیتے ہیں اور ـــــ پھر حیران ہوتے ہیں ـــــ معاشرے میں تلخ نوائی کیوں پھیل گئی !!!

○

صلاحیتیں ـــــ ؟؟

ہماری صلاحیتوں میں اِس قدر صلاحیت ہوتی ہے کہ وہ ہماری عبرت کا عنوان بن سکیں۔

دوست ـــــ !

خود کو عبرت نہ بننے دینا بھی ایک صلاحیت ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہماری خوشیوں کے ہم سے رُوٹھ جانے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ـــــــ ہم اپنی خوشیوں کی نمائش تو کرتے ہیں لیکن دوسروں کو ان میں شریک ہونے کی اجازت نہیں دیتے۔

○

سفارش ـــــــ لفظوں کے ذریعے کسی نااہل کو اہل ثابت کرنے کی کوشش کا نام ہے۔

○

اُونچ اور نیچ ـــــــ !

اُونچ اور نیچ پیدا کرنے کی ذمہ دار ممکن ہے فطرت ہی ہو لیکن اُونچے طبقے والوں اور نیچے طبقے والوں کے درمیان عزتوں کی اُونچی نیچی تقسیم کے ذمہ دار یقیناً ہم ہیں۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اپنی تعریف آپ کرنے کی مجبوری ـــــــ غرور کی تمہید ہوتی ہے۔

④

صرف ماضی کا حال جاننے والے ہی، حال کا اصل چہرہ دیکھ سکتے ہیں۔

○

حُسن ـــــــ اپنی فطرت کے ساتھ ایک کامل ہم آہنگی کا نام ہے۔

○

شیطان بہت طاقت وَر ہے لیکن ـــــــ انسان اُس سے بھی طاقت وَر ہے ـــــــ یہ معانی مانگ لیتا ہے۔ انسان اتنا طاقت وَر ہے کہ یہ خود کو جُھکا سکتا ہے۔

○

بے وقوفوں کی دُنیا میں خود کو بے وقوف کہلوانا ـــــــ عقلمندی کی نشانی ہے۔

①

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

میرے مصروف دوست ـــــــ!
کیا تمہاری مصروفیت، تمہیں فطرت کا حُسن دیکھنے کی فرصت دے دیتی ہے۔ ؟؟؟

عروج ـــــــ اپنے زوال سے ایک عارضی سے فاصلے کا نام ہے۔

(۸)

بولنے کا معاملہ ـــــــ معاشیات کے معاملات جیسا ہے ـــــــ رَسد ضرورت سے بڑھ جائے تو ـــــــ طلب کم پڑ جاتی ہے۔

خیال ـــــــ قوّتِ عمل کا نام ہے۔

دولت کی ناہموار تقسیم ـــــــ قوم کو تقسیم کر دیتی ہے۔

(۹)

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

میرے دوست ـــــــ!
آنے والی نسلوں کے ساتھ ہمارا اِس سے بڑا ظلم اور کوئی نہ ہوگا کہ ہم اُن کے آنے سے پہلے ہی اُن کے حصّے میں آنے والے لفظوں کے معنی بدل دیں۔

○

اَدب ـــــــ اپنی طاقت کو اخلاق کے نام پر سرنگوں کر دینے کا نام ہے۔

○

اپنے منہ سے اپنی تعریف کرنا ـــــــ دوسروں سے بھیک مانگنے کے مترادف ہے:

(۶)

مومن ـــــــ خُدا کے ساتھ مخلص آدمی کا ایک اسلامی نام ہے۔

(۷)

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

غرور اور فخر میں کیا فرق ہے ــــــ؟
فخر یہ ہے کہ ــــــ "مَیں بھی ہوں"
اور غرور ــــــ "مَیں ہی ہوں"

⑰

موت ــــــ صرف اُن قالبوں پر حملہ آور ہوتی ہے
جو پہلے ہی زندگی سے خالی ہوں !

○

میرے دوست ــــــ !
معاشرے پر تمہارا اس سے بڑا احسان اور کوئی نہ ہوگا کہ
ــــــ تم خود سنور جاؤ ۔

⑱

جُزو کو کُل سمجھ لینے کا مطلب یہ ہے کہ ہم کُل کو کُلیتاً نہیں
سمجھ پائے ۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

امید ——— کامیابی کا پہلا مرحلہ ہے !

زندگی ——— صرف اُس وقت تک غیر محفوظ ہے جب تک موت اِسے اپنی حفاظت میں نہیں لے لیتی۔

مذہب ——— وہ نظام ہے جو ہمارے اعمال کے انجام کی خبر ——— انجام تک پہنچنے سے پہلے دے دیتا ہے۔

وہ شخص جو احسان کرنا نہیں جانتا ——— وہ عام طور پر انصاف کرنا بھی نہیں جانتا۔

تعصب ——— ہر چھوٹے ظرف کی مجبوری ہے !

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ناقابلِ یقین بات کیا ہوتی ہے ——— ؟

——— ایک عظیم آدمی کے متعلق ایک عام آدمی کی بات !

⑥

دوست ——— !

ہوتا وُہی ہے جو اللہ چاہتا ہے ——— اِلّا یہ کہ اللہ ہی کچھ اور چاہے ——— سو ہوتا وُہی ہے جو اللہ چاہتا ہے۔

○

اگر لمحے کو پہچان لیا جائے تو ——— ہر لمحہ ایک تخلیقی لمحہ ہے۔

○

ہماری جہالتوں میں سب سے بڑی جہالت یہ ہے کہ ——— ہم اپنے علم کا ثبوت دوسروں کی جہالت میں ڈھونڈتے ہیں۔

○

سب سے بڑی بہادری ——— اخلاص کا اختیار کرنا ہے۔

⑦

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

شک ـــــ بڑی ظالم چیز ہے کیونکہ ـــــ جو کوئی بھی شک کرتا ہے وہ دوسروں کے حق میں بڑا ظالم بن جاتا ہے۔

طاقت کا سب سے بُرا استعمال یہ ہے کہ اِسے صرف اپنی ذات تک ہی محدود کر لیا جائے ـــــ یہ ایک بُخل ہے اور ـــــ طاقت کے بخیل کو ظالم کہتے ہیں!

مادہ پرست یہ بھول گئے ہیں کہ حُسن مادے میں نہیں بلکہ ـــــ صورت میں ہوتا ہے۔

دولت کی غیر منصفانہ تقسیم کا ایک نقصان یہ ہوتا ہے کہ معاشرے میں انصاف بھی پھر اسی طرح تقسیم ہو جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

زندگی ایک حقیقت ہے لیکن ـــــــ زندگی میں سب سے بڑی حقیقت موت ہے!

ایک کم ظرف انسان ـــــــ اپنی طاقت کا اظہار اپنوں کے خلاف بغاوت کی صورت میں کرتا ہے۔
اور ایک عالی ظرف ـــــــ اطاعت کی صورت میں!

خوبصُورتی کِسے کہتے ہیں ـــــــ؟ ـــــــ اور خوبصورت کون ہوتا ہے ـــــــ؟
خوبصورت شخص وہ ہوتا ہے جو مخلص ہو ـــــــ اور خوبصُورتی ـــــــ خوبصورت شخص کے عمل کا نام ہے۔
بَدصورت وہ ہوتا ہے جو ـــــــ خودغرض ہو ـــــــ جسے صرف اپنی ہی صورت سے غرض ہو۔
اور بَدصورتی ـــــــ اپنی خودغرضی کے اظہار کا نام ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ڈرپوک ——— اُسے کہتے ہیں جو اپنی غلطیوں کا اعتراف کرنے سے ڈرتا ہو۔

وہ شخص زندگی پر کوئی حق نہیں رکھتا ——— جو زندگی کی خاطر مَرنا نہیں جانتا

عقل کا ہر دریا ——— بالآخر عشق کے سمندر میں جا ملتا ہے !!

ہم لوگ عقل مندی کی تعریف کرنا پسند کرتے ہیں لیکن ——— عقل مندی اختیار کرنا پسند نہیں کرتے !

ذہانت بہت کچھ فتح کر سکتی ہے لیکن ——— اپنے آپ کو نہیں !

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

زندگی محدود ہے لیکن ـــــــ اپنے اندر لامحدود امکانات رکھتی ہے۔

○

امیروں سے نفرت کرنے والا غریب اور غریبوں سے نفرت کرنے والا امیر ـــــــ دونوں یکساں درجے کے مجرم ہیں ـــــــ کیونکہ دونوں کے نزدیک ایک دوسرے کے لیے وجۂ نفرت صرف دولت ہے۔

⑦

تخلیق خالق کا پتہ دیتی ہے ـــــــ ثبوت اس کا یہ ہے کہ اب تک انسانوں کو خدا کی معرفت انسانوں ہی کے ذریعے ملی ہے۔

⑦

بڑا آدمی کون ہوتا ہے؟ ـــــــ اور چھوٹا آدمی کسے کہتے ہیں؟

میرے دوست ـــــــ!

یہ سب آدمی کے ظرف کو ماپنے کے پیمانے ہیں۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

دائرہ مکمل ہونے سے پہلے ہر شخص اپنے سفر کو لامحدود سمجھتا ہے۔

○

لذت کوئی بھی ہو، محدود ہوتی ہے ـــــ کیونکہ یہ شروع ہوتی ہے اور پھر ختم ہو جاتی ہے۔

○

انسان کو حقیقی خوشی کب میسر آتی ہے ـــــ؟
ـــــ جب وہ اپنی خوشی کا خراج لینا چھوڑ دے۔

○

تہذیب ـــــ وہ طاقت ہے جو طاقت کا بے جا استعمال روکتی ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہر وہ خیال عظیم ہے جس میں انسان کو خدا عظیم تر دکھائی دے۔

○

مَیں نے زمین پر جُھکنے والوں کو آسمانوں پر بلند ہوتے دیکھا ہے۔

⑥

حقیقی غلامی وہ ہے جس میں غلامی کا شعور مَر جائے۔ وہ "غلامی" جس میں غلامی کا شعور زندہ ہو ـــــــ آزادی کی ایک حالت کا نام ہے۔

○

سب سے بُرا حَسد کسی کے ساتھ اپنے مقدّر کو تبدیل کرنے کی خواہش ہے۔

⑦

انسان کی مجبُوری کی تجسیم ـــــــ اُس کا آنسو ہے!

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

پسلی کرن

زندگی ـــــ کھیل ہے چند لمحوں کا۔
ـــــ تم لمحے کو سال کا نام دے دو یا صدی کا۔

○

دوست ـــــ!
یہ کیسا ستم ہے ـــــ!
تم لوگوں کو جھوٹا سمجھتے ہو ـــــ اور اپنے متعلق لوگوں کی تعریف کو سچ تصور کرتے ہو۔

○

خاموشی وہ واحد موضوع ہے جس کی افادیت پر بحث نہیں ہو سکتی۔

○

انسان کے پاس فخر کرنے کے لئے جو چیز حقیقت سے قریب تر ہے ـــــ وہ اُس کی عاجزی ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

آدمی کو حیوانیت سے اُٹھا کر آدمیت تک لانے والی واحد چیز ـــــ خدا پر ایمان ہے ـــــ کیونکہ اتنی بڑی تبدیلی لانا کسی ایسی ہی ہستی کا کام ہو سکتا ہے جو خدا ہو۔

حکمت ـــــ حکمت کی تلاش کا نام ہے۔

بُرائی کے بعد شاید کوئی بھی نہ جانے لیکن ـــــ بُرائی کرنے سے پہلے ہر شخص یہ جانتا ہے کہ بُرائی کیا ہے اور نیکی کیا ہے۔

ہم لوگ بہت تھوڑے سے فائدے کی خاطر بہت زیادہ جھوٹ بولتے ہیں۔
کیا ـــــ بہت زیادہ فائدے کی خاطر تھوڑا سا سچ نہیں بول سکتے ؟؟

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

عورت خود عقل مند ہو یا بے وقوف ——— یہ
عقلمند ترین مَرد کو بے وقوف ترین بننے پر مجبُور کر سکتی ہے۔
عورت کے سامنے مَرد لوگ وہ کچھ بننے کی کوشش کرتے ہیں
جو کچھ وہ نہیں ہوتے ——— ظاہر ہے ایک عقلمند آدمی
ایسا کرے گا تو وہ بیوقوف ہی بنے گا !!

○

ہمیں اپنی آزادی کی قیمت اَدا کرنی پڑتی ہے ——— بعض
اوقات آزادی ہی کو گِروی رکھ کر !

○

غرور ——— ایک غلط فہمی کا نام ہے۔

(۱)

دُنیا کب سمجھ میں آتی ہے ——— ؟
جب دُنیا کی کم مائیگی سمجھ میں آجائے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

شہرت ——— ایک دولت ہے۔
اور دولت کامیابی کی دلیل نہیں ہے۔

احساسِ کمتری کے مریض کی سب سے پہلی تشخیص یہ ہوتی ہے
کہ وہ ——— اپنی شناخت کھو چکا ہے۔

تم خوبصورت ہو یا بدصورت ———
اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ تم خود کو کون سے آئینے
میں دیکھنا پسند کرتے ہو۔

جب تم کسی عام آدمی کو اپنی تعریف کرتا ہوا پاؤ تو ———
فوراً چوکنے ہو جاؤ ——— کہیں تم سے کوئی عام سی حرکت
تو سرزد نہیں ہو گئی ؟!

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

زندگی ـــــــ ایک فرصتِ مستعار ہے!

دوست!

مَیں تو بس یہ جانتا ہوں ـــــــ ایک مستعار چیز پر اپنا حق جتلاتے رہنا کم ظرفی ہے۔

○

شہرت کسی کو دَوام نہیں بخشتی کیونکہ ـــــــ شہرت بذاتِ خود ایک عارضی چیز ہے۔

○

بے وقوفی کی تعریف (DEFINITION)

ـــــــ ایک عقل مند آدمی ہی کر سکتا ہے!

○

جس نے زندگی میں ایک بھی ناکامی نہ دیکھی ہو ـــــــ مَیں اُسے کامیاب آدمی نہیں سمجھتا۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہر سُو پھیلی ہوئی زندگی میں ایک ربط کی تلاش کا نام فلسفہ ہے۔

اور ـــــ فلسفے اور حکمت میں کیا ربط ہے ـــــ ؟

ایک بامعنی فلسفہ ـــــ حکمت ہے۔

○

خودغرضی ـــــ تنگ نظری کی ایک انتہائی شکل ہوتی ہے۔

○

احساسِ شکر ہمارے سینوں سے اِس لئے سلب ہوگیا ہے کہ ـــــ ہم نعمتوں کی پہچان بھولتے جا رہے ہیں۔
سچ تو یہ ہے کہ نعمتوں کی پہچان بھی اپنی پہچان سے مشروط ہے۔

○

خوف ـــــ اپنے مستقبل سے ڈرنے کا نام ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

دُنیا ـــــــ اُس کی بنتی ہے جو اِس کا نہ بنے۔

○

قلم ایک امانت ہے ـــــ!
کیا امانتداری کی قیمت، شہرت ہو سکتی ہے؟

○

آدمی پر بُرا وقت کب آتا ہے ـــــــ؟
جب وہ خود کو V.I.P. سمجھنے لگتا ہے۔

پہلی کرن

④

تم خود بدلتے نہیں ـــــــ اور دُنیا کے بدل جانے کا انتظار کرتے ہو۔

دوست!
تمہاری دُنیا تو اُسی لمحے بدل جائے گی، جس لمحے تم بدل گئے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

نعمت کی ناقدری کب ہوتی ہے ـــــــ ؟
ـــــ جب نعمت کو اپنا حق سمجھ لیا جائے۔

○

کیا حادثہ ایک غیر متوقع واقعہ کا نام ہے ؟
دَراصل توقع کا غلط ثابت ہونا ہی ایک حادثہ ہے ـــــ
خارج میں حادثے کا کوئی وجود نہیں !

○

زندگی اگر اخلاص کے سائے میں بسر نہ ہو ـــــ تو
دُنیا میں اس کی سزا یہ ملتی ہے کہ لفظوں پر اعتماد اُٹھ
جاتا ہے۔

لفظ ـــــ انسانوں کے مابین ایک رابطے کا نام ہے۔
ایک غیر مخلص آدمی کا اِس رابطے پر اعتماد رخصت ہو
جاتا ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

دوست !

مجھے اہلِ دنیا کی تحقیر مطلوب نہیں ——— لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ یہ لوگ اپنے دَور کے دیوانے کو مار دیتے ہیں ——— اگر کوئی سخت جان ہو اور وہ بچ نکلے تو پھر ——— یہ اُس کے لیے ایک مزار تعمیر کرتے ہیں ——— سال کے سال اُس کی تربت پر پھولوں کا ایک انبار لگاتے ہیں ——— اور کہتے ہیں ——— ہم نے عقیدت کا خراج اَدا کر دیا ہے۔

معلوم نہیں اِن کو عقیدت دیوانے کی دیوانگی سے ہے یا اُس کی سخت جانی سے !!

○

انسان کو حرکت میں لانے والی چیز ——— کیا جبلّت کے علاوہ بھی کوئی ہے ——— ؟؟؟ ——— پس اُس چیز کی تلاش، انسان کی تلاش ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

جھگڑے اس لیے بھی ختم نہیں ہوتے کہ ہم جھگڑے کو جھگڑے ہی کے ذریعے ختم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

○

ہم جب بھی کبھی اپنے بارے میں سوچتے ہیں تو سب سے پہلے یہی سوچتے ہیں کہ دوسرے ہمارے بارے میں کیا سوچتے ہیں!!!

○

نیند ـــــ زندگی کا زندگی سے فرار ہے !

○

گناہ ـــــ اِس لیے ایک بُرائی ہے کہ یہ انسان کو اپنی عاقبت سے غافل کر دیتا ہے۔

○

آدھی عقل کا مطلب ـــــ مکمل بیوقوفی ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

پہلی کرن

گو جبلتیں ایک حقیقت ہیں لیکن ـــــــ حقیقت جبلتوں سے ماورا ہے۔

○

زمانی فاصلہ اور مکانی فاصلہ ـــــــ

اِن میں فرق یہ ہے کہ مکانی فاصلہ اُس وقت تک نہیں بدلتا جب تک ہم خود کوئی حرکت نہ کریں ـــــــ اور زمانی فاصلہ ـــــــ بتدریج بڑھتا ہی رہتا ہے۔ چاہے ہم کوئی بھی حرکت نہ کریں۔

گو ـــــــ دونوں RELATIVE ہیں لیکن ـــــــ ایک ہمارے اختیار میں ہے اور دوسرا ہمارے اختیار سے باہر!

○

غرور ـــــــ لاعلمی کی ایک شکل ہے۔

اپنے عجز کے بارے میں لاعلمی!!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ایک کم ظرف انسان کی پہچان یہ ہوتی ہے کہ ــــــ
وہ خود عظمت سے محروم ہوتا ہے اور کسی دوسرے کی
عظمت کا قائل نہیں ہوتا۔

○

ہماری قابلیتیں، ہمارے ہتھیار ہیں
کیا ــــــ ہتھیار صرف دوسروں کو زیر کرنے کے کام
ہی آتے ہیں؟؟

○

مرے دوست ــــــ !
خدا ــــــ خالص خدا ہے۔
تم ــــــ خالص بندے بن جاؤ۔

○

اطاعت پر غرور ــــــ آقا سے دور کر دیتا ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

طاقت اپنی حدُود پہچان لیا کرتی ہے۔
——— مجھے اس طاقت ور کی طاقت پر شُبہ ہے جو حدُود سے باہر ہو جاتا ہے۔

○

مفاد پرستی ایک بچگانہ فعل ہے ——— بچے کو حرکت میں لانے کے لیے بطور دلیل، شیرینی ہی کافی ہوتی ہے ——— ——— سو ایک خودغرض اور ایک مخلص میں وُہی فرق ہوتا ہے جو ایک نادان بچے اور ایک دانا بالغ میں!

○

آزادی اور آزادَروی میں فرق ہوتا ہے۔
ذمّہ داری اٹھائے بغیر آزادی اختیار کرنے کا نام آزادَروی ہے۔

○

منزل پَر یقین ——— سفر کو پُراعتماد بنا دیتا ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

عقل مند اور بے عقل کے درمیان ایک فرق ـــــــ
دونوں میں سے ایک کی خاموشی ہے۔

کبھی نہ ماننا ـــــ ہماری عادت ہے ـــــ لیکن منوانے
کی کوشش میں ہم ہمہ وقت مصروف رہتے ہیں۔
منوایا اس لیئے جاتا ہے کہ دوسروں کے خیالات
بھی ہمارے جیسے ہی ہو جائیں ـــــــ یعنی دوسروں
کی عادت بھی ہماری جیسی ہو جائے۔

گناہ کے بعد گناہ کی توجیہہ ـــــ ایک سنگین تر گناہ ہے!

دولت کی نمائش وہی لوگ کرتے ہیں، جن کے پاس دولت
کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہوتا۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

سچ اور اخلاص باہم لازم و ملزوم ہیں ـــــــ جھوٹا آدمی مخلص نہیں ہو سکتا ـــــــ اپنے جھوٹ کے ساتھ بھی نہیں!

ایک کم ظرف آدمی کی نشانی یہ ہوتی ہے کہ ـــــــ وہ خود کو حق دار ثابت کیے بغیر اپنا حق طلب کرتا ہے۔



خوف ـــــــ شکست کے ایک سائے کا نام ہے!

حیرت ـــــــ اُس مقام کو کہتے ہیں جہاں ـــــــ

ـــــــ عقل سوچنا بھول جائے

ـــــــ دِل محسوس کرنا شروع کر دے

اور ـــــــ رُوح مصروفِ عبادت ہو جائے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

انسان غرور کب کرتا ہے ـــــــ ؟

ـــــــ جب وہ اپنی نظر چھوٹی کر لیتا ہے ـــــــ یوں اُس کی دنیا بھی چھوٹی ہو جاتی ہے اور ـــــــ اِس چھوٹی سی دُنیا میں اسے اپنا آپ بڑا نظر آنے لگتا ہے۔

غرور ـــــــ تنگ نظری کی ایک انتہائی شکل ہے۔

○

شہرت کی تمنّا ـــــــ اپنی پرستش کروانے کی تمنّا ہے۔

شہرت کا متمنّی یہ نہیں جانتا کہ ـــــــ وہ خود بھی لوگوں کو پُوج رہا ہے۔

○

دلیل کے کمزور ہونے کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اگر دلیل حسبِ توقع طاقت رکھتی تو آج تک دُنیا میں کوئی ظالم پیدا نہ ہوتا۔ ظالم صرف ایک دلیل مانتا ہے

در ـــــــ وہ اُس کی اپنی ہوتی ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

عقلِ سلیم وہ ہوتی ہے جسے راہ تسلیم میں کوئی دقت پیش نہ آئے۔

○

موت ـــــ زندگی کا غرور ٹوٹ جانے کا نام ہے!
وہ زندگی جو غرور سے بے نیاز ہے ـــــ وہ موت سے بھی بے نیاز ہے۔

○

ذہانت ـــــ جبلّت کی ایک ارفع ترین قسم ہے!

○

انسان ـــــ فطرت سے بلند تر تخلیق کیا گیا ہے۔
اِس لئے یہ اپنے بعض اعمال کے فطری محاسبے سے بچ نکلتا ہے۔

سو ـــــ انسان کے لیے ایک دوسری فطرت بھی تخلیق کی گئی ہے ـــــ وہ فطرت جو ابھی پردۂ مستقبل میں ہے ـــــ وہ فطرت، جسے مذہب حشر کا نام دیتا ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اگر آنکھ سے مفادات کا پردہ اُٹھ جائے تو ——
خدا سامنے ہے۔

○

جس کسی کے پاس کہنے کے لئے کوئی عمدہ بات نہ ہو ——
اُس کے لیے عمدہ ترین بات یہ ہے کہ وہ خاموش رہے۔

④

انسان کی یادداشت بے حد کمزور ہے کیونکہ —— یہ
اپنے آپ کو بھول جاتا ہے۔

⑤

کون سی پرستش شرک ہوتی ہے —— اور کون
سی پرستش عبادت —— ؟
جسم کی پرستش شرک ہے اور —— روح کی پرستش ——
عبادت !

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

علم اور ایمان ——— !
ایمان وہاں سے شروع ہوتا ہے جہاں پر علم ختم ہو جائے!

○

مضبوطی ——— کردار کی مضبوطی کو کہتے ہیں !

○

بقا کو فنا سے تعلق ہے ——— کیونکہ بقا کو اس کے
بقا ہونے کی سَند فنا سے ملتی ہے۔

○

سب سے بڑا علم ——— اخلاص کا علم ہے ———
یعنی اپنی نیّت کا عِلم !

○

انسان کی بڑائی ——— بڑائی ترک کر دینے میں ہے !

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

بھول اور بے وقوفی میں فرق ہوتا ہے ——
بھول پر معذرت کی جاتی ہے اور بیوقوفی پر
اِترایا جاتا ہے۔

○

کام ختم کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ —— اسے
شروع کر دیا جائے۔

○

وہ خدا جو المتکبّر ہے —— اُسے سب سے زیادہ
بندے کی عاجزی پسند ہے۔
شاید اس لیے کہ —— عاجزی خود خدا کے پاس
نہیں ہے۔

(۴)

تقدیر —— تدبیر کے انجام کا نام ہے!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

کوئی نہیں جانتا ـــــــ عقل مندی اور بے وقوفی کی حدیں کہاں ملتی ہیں !

○

غرور ـــــــ اپنے سے بلند مقامات سے بے خبری کا نام ہے۔

○

اپنے حقوق سے تجاوز ـــــــ دوسروں کی حق تلفی کہلاتا ہے۔

○

تقدیر ـــــــ خدا کا علم ہے۔
اور زندگی ـــــــ خدا کا عمل ہے۔
تقدیر پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اس امر پر یقین رکھا جائے کہ ـــــــ خدا کے علم اور عمل میں کوئی فرق نہیں ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

جو شخص معافی مانگنا نہیں جانتا وہ معاف کرنا بھی نہیں جانتا!

○

دُنیا ——— صرف تین چیزوں کا مجموعہ ہے۔
——— دولت، شہرت اور عورت۔
جو شخص اِس "ت" کی تمازت سے بچ نکلا وہ
دُنیا کے شر سے بچ نکلا۔

○

انسان خود کو محض مادّہ قرار دے رہا ہے تاکہ من مانی کر سکے ——— حالانکہ مادّہ من مانی کرنے کا اختیار نہیں رکھتا۔

○

میرے زاہد دوست ———!
مت بھولو ——— تمہارا خدا گنہگاروں کا بھی خدا ہے!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

طاقت ـــــــ صرف اُسے خوفزدہ کرتی ہے جو ـــــــ
طاقت سے مرعوب ہو چکا ہو۔
ـــــــ اور طاقت صرف اُسی کو مرعوب کرتی ہے جو ـــــــ
اِس کی پرستش کرتا ہو۔

○

جب غلطیوں کے سبب تمام راستے بند ہو جائیں تو انسان
کے لئے ایک راستہ تب بھی کُھلا رہتا ہے ـــــــ
غلطیوں پر توبہ کا راستہ !!

○

یہ ایک اصول ہے کہ ـــــــ جہاں خاموشی ہو
وہاں آواز واضح سنائی دیتی ہے۔

○

دولت کی حرص ـــــــ حصولِ دولت سے کم نہیں ہوتی !

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

غلطی کا اعتراف ——— اصلاح کا پہلا مرحلہ ہے۔

○

موت کا خطرہ ——— صرف اُس وقت تک ہے
جب تک یہ دُور ہے۔

○

میرے فلسفی دوست ———!
خدا کے بغیر یہ کائنات ادھوری ہے۔

○

جہاں منافقت پیدا ہو جاتی ہے وہاں ——— طاقت
پیدا نہیں ہو سکتی!

○

دُنیا کے حُسن کا دوسرا نام ——— فاصلہ ہے!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

بھیانک ترین عذاب وہ ہوتا ہے جو انسان پر انسان ہی کے ہاتھوں نازل ہو ـــــ مثلاً ـــــ ایٹم ـــــ دہشت گردی ـــــ منشیات !!

○

نیکی ـــــ اُس وقت ایک عبرت بن جاتی ہے جب اس میں غرور شامل ہو جائے۔

نیکی ـــــ کسی خالص عمل کا نام ہے ـــــ جب اس میں غرور دَر آئے تو یہ خالص نہیں رہتی۔

○

اِنسان کے لئے سب سے بڑا حجاب ـــــ انسان ہے۔

○

اَدب کرنے کا دعویٰ کرنا ـــــ بے اَدبی ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

جس دن ہم نے اپنے تشخص پر فخر کرنا سیکھ لیا ——
ہم —— زندہ قوموں میں ہو جائیں گے۔
اپنے تشخص پر فخر —— اپنی پہچان ہے۔
اور غرور —— تعصّب !!

○

وہ سرمایہ دار جو سرمائے کے ساتھ ساتھ سرمائے کے چھن جانے کا خوف بھی رکھتا ہے —— وہ درحقیقت اُتنا ہی غریب ہوتا ہے جتنا وہ سرمائے کے چھن جانے کے بعد ہو گا !

○

کیا —— انسان کے علم کا انجام —— ایٹم ہے؟؟؟

○

لوگ زندگی کو دوڑ سمجھتے ہیں —— اِس لیے ہانپ جاتے ہیں!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

عبرت اور عزت میں فرق ہوتا ہے۔
ایک نیک آدمی کی شہرت کو ——— عزت کہتے ہیں۔
اور ایک بُرے آدمی کی شہرت کو ——— عبرت !!!

○

عقل کیا ہے ؟
ایک چھوٹی بات اور ایک بڑی بات کے درمیان تمیز کرنے کی صلاحیت !
اور ——— دانش ———؟
بڑی چیز کی خاطر چھوٹی چیز کو قربان کرنے کی صلاحیت !
عاقبت کی خاطر ——— دُنیا قربان کرنے کو نیکی کہتے ہیں
پس ——— نیکی ہی دانش ہے !

○

آج کے انسان کا دعویٰ، اُس کی ہستی سے بڑا ہو گیا ہے !

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

مذہب ——— انسان کے پاس وہ واحد علم ہے جو تحقیق سے بے نیاز ہے۔ مذہب صرف تسلیم کا علم ہے۔

○

جدید دَور نے برتری کے نام پر انسان کے احساس کو کمتری میں مبتلا کر دیا ہے۔
کیونکہ ——— اِس نے انسان سے انسان ہونے کا تفاخر چھین لیا ہے۔

○

عظمت ——— اپنے سے بلند تر عظمت کو سجدہ کرنا جانتی ہے ——— لیکن اپنے سے فروتر عظمت سے خود کو سجدہ کرواتی نہیں ——— شاید اسی کا نام عظمت ہے!

○

یقین ——— ایک الہامی چیز ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

خدا کو ـــــــ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کے سوا
اور کیا چیز متاثر کرے گی !!

○

جسے اُس دُنیا میں جنت کی خواہش ہو اُسے چاہیئے کہ
اِس دُنیا میں اپنے زیردستوں سے NO OBJECTION کا
سرٹیفکیٹ لکھوا رکھے

○

شک کی بنا لاعلمی پر ہوتی ہے ـــــ اس لئے شک ـــــ
جہالت ہے اور یقین ـــــ علم ہے۔

○

اپنی زبان اور کانوں کے درمیان یہ تعلق بڑا ہی عجیب ہے کہ جب زبان
چل رہی ہو تو کان بند ہو جاتے ہیں۔ سو ـــــ کوئی بات
سُننے کے لیے صرف کانوں کا کھُلا رکھنا ہی ضروری نہیں ـــ
ـــــ بلکہ زبان کا بند کر لینا بھی ضروری ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

تباہ ہو جاتی ہے وہ قوم _____ جس قوم میں _____

_____ پیسہ، ایک تہذیب بن جائے۔

_____ امارت، ایک نسب بن جائے

اور _____ غربت، ایک گالی بن جائے۔

○

ہر وہ عمل گناہ ہے جس کا انجام _____ پچھتاوا ہو۔

۷

اَللہ کے خاص بندے _____!

اللہ کے خاص بندے وہ ہوتے ہیں جو اپنے ہونے کا خراج وصول نہیں کرتے۔

○

تم اپنا خیال کرو _____ اشیاء تمہارا خیال کریں گی۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

غفلت ——— اپنے انجام سے غفلت کا نام ہے!

○

ایک یقین کے راستے کے سوا ——— تمام کے تمام راستے بند گلیوں میں کھلتے ہیں۔

○

عشق ——— دیوانہ ہوتا ہے۔
اور ——— قانون یہ ہے کہ دیوانے پر کوئی قانون لاگو نہیں ہوتا!

○

عقل ——— ایک RELATIVE چیز ہے ——— اور ایک RELATIVE چیز پر غرور ——— ایک غیر عقلی بات ہے۔

○

عبادت ——— دانائی کا ایک منطقی نتیجہ ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

انسان کہاں ہے ——— ؟
شاید ——— وہ سکّوں کی ڈھیریوں کے پیچھے
چُھپ گیا ہے !

ہر عمل کے اندر اُس کا انجام یُوں چُھپا ہوتا ہے جیسے
کسی بیج میں کوئی درخت !

نیکی پر غرور ——— بُرائی پر آمادہ کر دیتا ہے ۔

خوف اور جھوٹ میں رشتہ یہ ہے کہ ———
خوف ——— جھوٹ پیدا کرتا ہے اور ———
جھوٹ ——— خوف !

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ستم یہ ہے کہ ——— ہم اپنے علم کی داد جن لوگوں سے چاہتے ہیں، دل ہی دل میں انہیں جاہل بھی سمجھتے ہیں۔
جاہلوں سے داد حاصل کرنے والا کوئی ان سے بڑا جاہل ہی ہو سکتا ہے!

○

احساسِ زیاں ——— ایک حاصل کا نام ہے۔

○

ہم لوگ بہادری کی تاریخ پڑھنا تو پسند کرتے ہیں لیکن ———
اِس تاریخ کا حصّہ بننا پسند نہیں کرتے!

○

اگر ہم مغرب والوں سے مختلف کوئی کام کرنا چاہتے ہیں
تو ——— سب سے پہلے ہماری اخلاقیات ان سے
مختلف ہونی چاہیئے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

زندگی اور موت کے درمیان ——— صرف وقت کا پردہ حائل ہے سو ——— سب سے بڑا حجاب وقت ہے۔

○

غلطی کی اگر اصلاح ہو جائے تو وہ ایک تجربہ کہلاتی ہے اور ——— تجربہ اگر غلط ہو تو بھی ایک تجربہ ہی ہوتا ہے۔

○

ادب کرنے کا بہترین طریقہ خاموشی اختیار کرنا ہے۔

(۷)

ہر چھوٹی بُرائی کا انجام ——— ایک بڑی بُرائی ہے
اور ہر بڑی بُرائی کا انجام ——— ہلاکت ہے۔
بُرائی وہ عمل ہے ——— جو زندگی کے نام پر کیا جاتا ہے اور زندگی سے محروم کر دیتا ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

بسم اللہ

طاقت سے بھی زیادہ طاقت ور چیز ——— محبت ہے!

○

وقت ———!

وقت کی تکمیل ——— اس کے ختم ہو جانے پر ہوتی ہے!

○

ستائش کی تمنا ——— اپنے اوپر عدم اعتماد کی علامت ہے۔

○

آزادی کی کہانی یہ ہے کہ ——— گناہ کرنے سے پہلے انسان کے پاس گناہ نہ کرنے کی آزادی ہوتی ہے۔

○

بے وقوفوں سے عقل، بے وقوفوں کو بے وقوف کہے بغیر سیکھنی چاہیے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

جب تک نفس ہے، تب تک مذہب ہے۔

نفس کیا ہے ——— ؟

نفس ——— انسان کے پاس خدا کے حکم کی خلاف ورزی کرنے کی صلاحیت کا نام ہے۔

○

یقین کیا ہے ——— ؟

ایک حقیقت ——— !

اور حقیقت کیا ہے ——— ؟

——— ایک یقین ——— !!

○

مستقبل ——— ایک سراب ہو سکتا ہے۔

حال ——— ایک خیال ہو سکتا ہے۔

لیکن ماضی ——— سراسر ایک حقیقت ہے کیونکہ

——— حقیقت اُس چیز کا نام ہے جس پر وقت اثر انداز نہ ہو سکے!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

پہلی کرن

کائنات ـــــــ خدا کا ایک خوبصورت تجربہ ہے !

○

زندگی میں، زندگی ختم کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔
زندگی اِس قدر طاقتور ہے کہ یہ خود کو ہلاک کر سکتی ہے۔

○

معلوم نہیں ـــــــ راستہ غلط ہوتا ہے یا مسافر !!

○

مادّے کی افضل ترین صورت انسانی عقل ہے ـــــــ اور
عقل کی کوئی صورت نہیں ہوتی !

○

غرور ـــــــ اپنے سے کمتروں کو ناپسند کرنے کا نام ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

عقل کی پرواز کی کیا پوچھتے ہو ——— !!
عقل ایک دائرہ مکمل کرتی ہے ——— اور دائرہ جہاں سے شروع ہوتا ہے وہیں پہ ختم ہو جاتا ہے۔

○

اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنے والے کے قریب سے گزر کر دیکھیں تو وہ بہت چھوٹا نظر آتا ہے۔

○

گناہ کی وضاحت ——— گناہ کی نمائش ہے ——— اور گناہ کی نمائش، فحاشی ہے !

○

ہر زندگی کا انجام ——— بے پایاں غم و اندوہ ہے بجز اس زندگی کے جو زندگی بخشنے والے کی منشا کے مطابق بسر کی جائے !

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

چھوٹے لوگ ——— !

"چھوٹے لوگ" ——— عام طور پر وہی ہوتے ہیں جن کا مرتبہ ہم اس دُنیا میں جانچنے میں ناکام رہ جاتے ہیں۔

○

بُرائی چھوڑنے کا طریقہ یہ نہیں کہ اِسے بُرائی سمجھنا چھوڑ دیا جائے۔

بُرائی اگر زندگی سے نہیں نکل پاتی تو اِسے کم از کم نیت سے ضرور نکال دینا چاہیئے۔

○

اِس بات کا فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ ——— خُدا کی حسین تر تخلیق ——— حُسن ہے یا حُسن کی خوگر آنکھ !!

○

خدا کی تدبیر کو تقدیر کہتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہمیں اپنی فراغت کی حفاظت میں مصروف ہو جانا چاہیئے۔
کیونکہ ——— شیطان، انسان کی فراغت پر حملہ کرتا ہے
اور اِسے ایک بے مصرف مصروفیت میں تبدیل کر دیتا ہے۔

○

عام آدمی ——— اور خاص آدمی ——— !
عام آدمی وہ ہوتا ہے جس کی زبان سے گروہ بولتا ہے ———
——— اور خاص آدمی وہ جس کی زبان سے فرد بولتا ہے۔

○

گناہ، ایک غلطی ہے ——— اور غلطی بے وقوفی کی
ایک صورت ہے۔

اپنی بے وقوفیوں پر معافی طلب کرنا عقل مندی
کی علامت ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہماری مسرتیں اِس لئے عارضی ہیں کہ ——— ہم نے اپنی مسرتوں کا بندھن عارضی چیزوں سے باندھ دیا ہے۔

○

مجھے حیرت ہے ——— "سبب اور نتیجے" کا وجود، خدا کے وجود کی کیسے نفی کرتا ہے !!

○

نیکی اور بُرائی میں ایک فرق یہ بھی ہے کہ نیکی کی راحت ——— نیکی کا عمل ختم ہو جانے کے بعد بھی جاری رہتی ہے۔

○

زندگی ——— موت کو بھول جاتی ہے لیکن ——— موت زندگی کو نہیں بھولتی۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

مذہب دل ہے ـــــــ اور سائنس عقل ہے۔

دوست ـــــــ !

عقل والوں سے عقل کی بات کیا کرو ـــــــ اور دل والوں سے دل کی بات !!

○

انسانوں کی بستی میں افتراق کی وبا پھیل جانے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہم گواہی دینے کا فن بھولتے جا رہے ہیں ـــــــ ہماری زبانیں ہمارے دلوں کی گواہی دینا بھول گئی ہیں۔

○

او ـــــــ ! برتری کے مدعی !

تجھے برتری کی سند کس نے دی ـــــــ ؟

اگر یہ سند خواص کی طرف سے ملی ہے تو پھر برتر تو خواص ہوئے ـــــــ اور اگر یہ سند تجھے عوام نے دی ہے تو پھر ـــــــ یہ بتا کہ کمتروں کی یہ بات معتبر کیسے ٹھہری؟

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

نیّت کی اصلاح وہ واحد عمل ہے جس میں کوئی عمل نہیں کرنا پڑتا۔

○

اعتراض کی خوگر آنکھ ——— قرآن میں بھی کوئی نہ کوئی "خلافِ شریعت" بات ڈھونڈ لیتی ہے۔

○

ہم دوسروں کی محرومیوں کو اپنا حاصل سمجھتے ہیں !!

○

بدترین غلامی ——— خوف کی غلامی ہے۔

○

جس سے حسد ہو رہا ہو ——— اگر اُسے دُعا دے دی جائے تو حسد جاتا رہتا ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

موت کو ایک حادثہ سمجھنے والے زندگی کو بھی حادثہ سمجھتے ہیں۔

موت اگر ایک حادثہ ہے تو یہ ہر ایک کے ساتھ کیوں پیش آتا ہے ؟

○

جب تک خدا "نظر" نہ آئے ——— کائنات بے ترتیب نظر آتی ہے۔

○

آج تک انسان نے جو بھی ہتھیار ایجاد کیا ہے یہی سوچ کر کیا ہے کہ ——— اب کے بار انسان بچنے نہ پائے۔

(۷)

نیکی کرنے کے لئے نیک نیتی کے ساتھ ساتھ بہادری کا ہونا بھی شرط ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

برتری کا احساس ـــــــ شاید غرور نہ ہو۔
لیکن برتری کا اظہار ـــــــ یقیناً غرور ہے۔

○

جس "نیکی" کے لئے کوئی جواز ڈھونڈنا پڑے، وہ بُرائی بھی ہو سکتی ہے۔

○

انسان بڑا کامیاب موجد ہے ـــــــ کیونکہ یہ اپنے لئے ہلاکت ایجاد کر چکا ہے۔

○

غرور ـــــــ بغاوت کی تمہید کا نام ہے۔

○

انسان کے پاس سب سے بُرا اختیار ـــــــ دوسروں سے اختیار چھین لینے کا اختیار ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

وقت کیا ہے ——— !
قطرے کا قلزم سے فاصلے کا نام !!

○

راز افشا نہ کرنے کا اعلان ——— راز کے افشا ہونے کی پہلی قسط ہے۔

○

دوسروں پر یقین نہ کرنا ایک خودغرضی ہے۔

○

تقدیر ——— ؟
تقدیر کے متعلق ہم زیادہ سے زیادہ یہی جان سکتے ہیں کہ اس کے متعلق ہم کچھ نہیں جان سکتے !

○

محدود نظری کی پہلی سزا ——— تعصب ہے !

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

دوست ——— !

اگر تم خدا کو نہ بھی دیکھ پاؤ تو کیا ہے ——— ؟
خدائی تو دیکھ سکتے ہو۔

○

ہماری گفتگو کا بیشتر حصہ، خود کلامی پر مشتمل ہوتا ہے
خود کلامی اچھی چیز ہے ——— اگر یہ مجمع
کی بجائے تنہائی میں کی جائے

○

گناہ سے اجتناب اس لیے بھی ضروری ہے کہ بہت سے
گناہوں کی بنا منافقت ہوتی ہے۔
مان لینے کے بعد نہ ماننا ——— کیا ہوا !!!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

بولنے میں ایک خرابی یہ ہے کہ عام طور پر خواہش بولتی ہے ——— یہاں تک کہ کبھی کبھی، نہ بولنے کی خواہش بھی بول پڑتی ہے۔

○

انسان جس دُنیا میں بقا حاصل کرنے کی سوچ رہا ہے ——— اس دنیا میں بقا صرف فنا کو حاصل ہے۔

○

پہچان کے سفر کی ابتدا، مراتب کی پہچان سے ہوتی ہے ——— بڑوں کے مراتب کی پہچان!

○

شیطان عقل کے دَروازے سے داخل ہوتا ہے ——— اور انتہائی غیر عقلی کاموں کی دعوت دیتا ہے ——— ——— دھوکہ دہی اسی کو کہتے ہیں!

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

جانتے ہو ——— ؟ سب سے بڑی بے وقوفی کیا ہوتی ہے؟
بے وقوفوں کے سامنے عقل کی بات کہہ دینا !

ہمارا وجود ایک دریچہ ہے ——— جس میں سے ہم
اِس دُنیا میں جھانک رہے ہیں۔

دوست ——— !
کوئی دریچہ سدا کھُلا نہیں رہتا !!

کوئی نہیں جانتا ——— علم اور جہالت کی حدیں کہاں ملتی
ہیں۔

——— کیا اللہ ہے ؟
——— اللہ ہی تو ہے !

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ یہ ہے کہ آپؐ انسان ہیں اور آپؐ کا مرتبہ کوئی انسان نہیں جانتا!

●

رہنے کے لئے ——— جسم کو مکان اور رُوح کو خیال کی ضرورت ہوتی ہے۔ پاکیزہ خیال ——— ایک جنت کی مانند ہے۔ جنتی رُوحیں، اِس دُنیا میں بھی جنت میں رہتی ہیں

○

احتیاط سے قدم رکھو ———!
تم تاریخ میں چل رہے ہو ——— "حال" ——— مستقبل کا ماضی ہے ——— اور انسان کے تحریر شدہ ماضی کو تاریخ کہتے ہیں۔

○

اگر دیکھا جائے تو انسان کی سب سے بڑی ایجاد ——— آئینہ ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

مصلحت ——— سچ ہے یا جھوٹ ؟

مصلحت ——— اگر اپنے مفاد کے لئے اختیار کی جائے تو یہ جھوٹ سے بدتر ہے اور ——— اگر یہ دوسروں کے فائدے کی خاطر اختیار کی جائے تو یہ سچ سے افضل ہے۔

○

اُس نے سَو کامیاب آدمیوں کی سوانح لکھی ——— پانچویں کامیاب آدمی کا قصہ بیان کرتے ہوئے اس نے بتایا کہ اُس نے خودکشی کرلی تھی !

○

خُدا کی معرفت ——— انسانی عظمت کی دلیل ہے۔

○

سائنس کی ترقی اِس لیے بھی ضروری تھی کہ انسان کو اپنی کوتاہیوں کا احساس ہو سکے !

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ناشکری ـــــــ ناسمجھی کا اعتراف ہے۔

خیال ـــــــ ایک یک جہتی سوچ کا نام ہے۔

سب سے بُری ہوس ـــــــ دوسروں سے اپنی تعریف سُننے کی ہوس ہے۔

جنّت ـــــــ اُس مقام کا نام ہے جہاں خدا اپنے بندے سے اور بندہ اپنے خدا سے راضی ہو جاتا ہے۔
ـــــــ یہی مقام اگر دُنیا میں حاصل ہو جائے تو دُنیا بھی جنّت بن سکتی ہے!!

اپنی غلطی تسلیم نہ کرنا ـــــــ سب سے بڑی غلطی ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

قناعت ـــــــ اپنے حاصل پر ایک احساسِ اعتماد کا نام ہے۔

○

میرا کوئی دوست نہیں ـــــــ اِس لیے میرا کوئی دُشمن نہیں۔

○

مجبوری ـــــــ کمزوری کا ایک مہذّب نام ہے۔

○

ہم اپنے بہت سے اعمال اپنی پسند کے تابع نہیں رکھ پاتے ـــــ لیکن دوسروں کے اعمال اپنی پسند کے تابع کرنا چاہتے ہیں۔
آہ ـــــــ ! ہم دوسروں کے لیے وہ بات کیوں پسند کرتے ہیں جو اپنے لئے پسند نہیں کر پاتے !!

○

اخلاق ایک طاقت ہے ـــــ کیونکہ یہ ضبط کی طاقت کا نام ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ایٹم ——— !
کیا ——— مخلوقات کی دُنیا میں اجتماعی خودکشی کا فن
صرف انسان کے پاس ہے ؟

○

خدا نے جب اپنے ہونے کی تصدیق چاہی تو ———
اُس نے انسان کی تخلیق کی !

○

اِنسانی دل اِس اعتبار سے بہت بڑا ہے کہ ——— یہ
ربِّ کریم کا عرش ہے اور ——— انسانی دل، اس اعتبار
سے بہت چھوٹا ہے کہ ——— اِس میں "مَیں" اور میرا رب
بیک وقت عرش نشیں نہیں ہو سکتے ۔

○

طاقت اپنی کمزوریوں کی دریافت کا نام ہے ۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہم نے خلاؤں میں رہنا تو سیکھ لیا ہے لیکن ـــــ حال میں رہنا ہنوز نہیں سیکھ پائے۔

ہم ماضی میں رہتے ہیں یا پھر مستقبل میں۔

ماضی ـــــ وہ وقت جو گزر چکا ـــــ جس کا اب کوئی وجود نہیں۔

مستقبل ـــــ وہ وقت جو ابھی نازل ہی نہیں ہوا جس کا ابھی کوئی وجود نہیں۔

آہ ـــــ! ہم ہنوز خلاؤں میں رہنا ہی سیکھ پائے ہیں!

○

یہ تو ممکن ہے کہ ایک اصول سب کے لئے ہو ـــــ لیکن یہ ناممکن ہے کہ سب اصول ایک کے لئے ہوں۔

○

وہ کبھی جھوٹ نہیں بولتا ـــــ کیونکہ اُس کا نام ضمیر ہے۔

◉

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

نماز ـــــ بُرائی سے روکتی ہے۔
سو ـــــ ہر وہ عمل بُرائی ہے جو نماز سے روک دے۔

مَیں نے جاہلوں کا باپ دیکھا ہے ـــــ وُہ اپنے باپ کو جاہل کہہ رہا تھا۔

ہر گناہ، وعدہ خلافی کی ایک شکل ہے۔
دوست ـــــ!
گناہوں کا حساب ہو نہ ہو ـــــ یہ ایک وعدہ ہے کہ وعدوں کا حساب ضرور لیا جائے گا۔

انسان کبھی نہیں مَرتا ـــــ
ـــــ اگر اسے مَرنا ہو تو یہ موت کے آنے سے پہلے مَر جاتا ہے!

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

بھاگنے کی مت سوچو ——— !
موت اور مشقت سے فرار ممکن نہیں
مشقت زندگی کا پہلا جزو ہے اور ———
موت اِس کا آخری جزو !!

○

زندگی کیا ہے ؟ ——— اور مَوت کیا ہے ؟
بَس یہ جان لینا ہی کافی ہے کہ ——— زندگی
غیر یقینی ہے اور موت یقینی !

○

دوست ——— !
اپنے عِلم کے حجم پر ناز نہ کرو ——— علم ہمیشہ
بقدرِ ظرف ہوتا ہے ——— اور اپنے ظرف کی وُسعت
کا بیان کم ظرفی کی دلیل ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ایک کم ظرف انسان کے حقوق کی فہرست بہت طویل ہوتی ہے
——— اور فرائض کی فہرست ——————— عام طور پر
اُس سے گم ہو چکی ہوتی ہے۔

○

خام عقل کی سب سے بڑی خامی یہ ہوتی ہے کہ ———
یہ گناہ کے لئے بھی دلیل مہیا کر دیتی ہے۔

○

نظر کی خرابیوں میں سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ
——— یہ اپنی خرابیوں پر نہیں پڑتی !

○

وقت کیا ہے ———؟
لوحِ محفوظ میں درج ازل تا اَبد لمحات کا لحظہ بہ لحظہ
——— زمین پر نازل ہونے کا نام ———؟؟؟

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

پہلی کرن

عقل کی بنیاد پر ہم زیادہ سے زیادہ دوسروں کو بے وقوف ہی قرار دے سکتے ہیں ـــــ کیونکہ عقل کے لئے اپنے علاوہ کسی اور کو عقلمند قرار دینا بہت مشکل ہے ـــــــ

عقل اگر سب کچھ بھی جان لے تو بھی یہ جھکنا نہیں جانتی!

○

گناہوں کی سزا کب ملے گی ـــــــ؟

یہ مَیں نہیں جانتا لیکن اِتنا ضرور جانتا ہوں کہ ہر گناہ ایک سزا ہے ـــ ہمارے ہاتھوں سرزد ہونے والا ہر گناہ، کسی سابقہ گناہ کی سزا ہے!

○

جدید صنعتی دَور کا کمال یہ ہے کہ ـــــــ اِس نے انسانی محنت اور "عزّت" کو چند کاغذوں پر چند ہندسوں کی شکل دے کر اِسے بنکوں کے سٹرانگ رومز میں محفوظ کر دیا ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

"تم امیر ہو یا غریب ——— ؟"

"میرے باپ کا نام آدم ہے ——— میری ماں کا نام حوّا ہے ——— معلوم نہیں دونوں میں سے کون امیر تھا اور کون غریب "

○

——— "خدا کِدھر ہے" ؟

——— "خدا کِدھر نہیں ہے"

○

وقت ———!

وقت ہمارا محافظ ہے ——— موت سے پہلے قدم قدم پر زندگی کی حفاظت کرتا ہے ——— اور ——— جب زندگی ضرر رساں ہو جائے تو یہ ہمیں موت کی حفاظت میں سونپ دیتا ہے۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

تمام بیوقوفیاں ——— عقلمندی سمجھ کر کی جاتی ہیں۔

○

ہم نے دُنیا پرستی کا نام اعتدال پسندی رکھ دیا ہے ———
اور دین پسندی کا، انتہا پسندی۔
دوست ———!
اعتدال پسندی بجا ——— لیکن اعتدال پر سختی سے جم
جانا بھی انتہا پسندی ہے۔

○

دولت سے بے نیازی ——— ایک دوسری دولت ہے۔

○

تم UNIQUE ہو ——— UNIQUE ہونے کا دعویٰ
رکھتے ہو ——— پھر تم نے دوسروں کے معیار کو اپنا
معیار کیوں ٹھہرا رکھا ہے؟

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

اپنا نام بیچو مت !
تمہارا نام بہت اونچا ہے ـــــــ تمہارا نام انسان ہے!

○

کیا ـــــــ ایک کی جیت کے لیے باقی سب کی مات
ضروری ہے ؟؟

○

یہ جسم ـــــــ یہ دولت ـــــــ یہ نام ـــــــ
سب ایک اختیار کا نام ہیں۔
دوست ـــــــ !
اختیارات کا ناجائز استعمال بدعنوان لوگ کیا کرتے ہیں۔

○

جو بھی کوئی کسی دوسرے کی جگہ لینے کی بات کرتا ہے ـــ
وہ اپنا مقام گرانے کی بات کرتا ہے !

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

صرف دلیل کا مان لینا ہی جھگڑے کا خاتمہ نہیں کر سکتا کیونکہ ——— جھگڑا شروع ہی اس وقت ہوتا ہے جب دو دلیلیں آپس میں ٹکرا جائیں۔

جھگڑا ختم کرنے کے لیے صرف دلیل ہی کا نہیں، احسان کا مان لینا بھی ضروری ہے۔

○

عقل جب عروج حاصل کرتی ہے تو اپنے آپ کو جھٹلانے لگتی ہے۔

○

طاقت وَر کبھی مغرُور نہ ہوتے اگر ——— کمزور طاقت کی پرستش نہ کرتے!

○

موت سے ڈرنے والا اور خدا سے نہ ڈرنے والا ہمیشہ کسی نہ کسی حادثے کا منتظر رہتا ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

زمین پر یُوں تکبّر سے قدم مت رکھو ——
—— جس کی زمین ہے وہ المتکبّر ہے!

○

"کوئی چیز ABSOLUTE نہیں —— ہر چیز RELATIVE ہے"۔ ہاں! —— یہ بات بھی ABSOLUTE نہیں۔
میرے دوست ——!
مَیں ABSOLUTE ہوں کیونکہ "مَیں" کا مترادف "میں" کے سوا اور کوئی لفظ نہیں۔

○

ہم اپنے چھوٹوں کو روک ٹوک کے سانچے میں ڈال کر انہیں اپنے ہی جیسا بنانے کی کوشش کرتے ہیں، حالانکہ ——
ہمارے چھوٹوں کو اگر ہمیں جیسا بننا ہوتا تو فطرت انہیں ہرگز اس دُنیا میں نازل نہ کرتی —— بلکہ ہمیں ہی ایک دراز عمر بخش دیتی۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

کائنات میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ دُہرایا نہیں جاتا لیکن ——— اگر اس کائنات کو واپس سمیٹ کر اس کے نقطۂ آغاز پر لے جا کر چھوڑ دیا جائے تو ——— پھر یہی کچھ ہو گا جو کچھ اب تک ہو چکا ہے۔

○

خوش قسمتی ——— اپنی قسمت پہچان لینے کا نام ہے!

○

فطرت میں کوئی چیز مافوق الفطرت نہیں ہوتی ——— بلکہ وہ ایک دوسری فطرت ہوتی ہے جس سے عام طور پر ہم ناواقف ہوتے ہیں۔

○

خاموشی ——— ایک مقدّس عمل ہے کیونکہ ——— اِس کا سب سے پہلا گواہ خدا ہوتا ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

جو شخص احسان ماننا نہیں جانتا ——— وہ احسان کرنا بھی نہیں جانتا۔

○

حکمت کیا ہے ———؟
الحکیم کی طرف جستجو کا نام!

○

یقین اور تذبذب میں ایک فرق یہ بھی ہے کہ ———
——— تذبذب کے مقدر میں کوئی بنیاد نہیں ہوتی۔
تذبذب کو اگر بنیاد مل جائے تو یہ یقین بن جائے!!

○

مطلق آزادی یہ ہے کہ آدمی اپنے ارادے سے بھی آزاد ہو جائے۔
آہ! ——— وہ آزاد بھی کیا ہوا جس کا کوئی ارادہ نہیں۔
——— پس مطلق آزادی ایک سراب ہے۔
——— مطلق سراب!!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

دوست ـــــــــ !
دوست کی پہچان یہ ہے کہ دوست، دوست کی پسند کو پسند کرتا ہے۔

○

خواہشیں ـــــــــ اپنی مرضی سے اٹھائے ہوئے چند بوجھ ہیں۔

دوست ـــــــــ !
بلند پرواز لوگ بوجھ ہلکے رکھتے ہیں !

○

دوسروں پر شک کرنے کا خوگر ـــــــــ کیا اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ وہ بھی دوسروں کے شک کی زد میں ہے۔؟

○

غصہ ـــــــــ جب اختیار کر لیا جاتا ہے تو اس کا اختیار کرنے والا اپنے اوپر اختیار کھو بیٹھتا ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

انسان جب اپنے علاوہ کچھ بننے کی کوشش کرتا ہے
تو ـــــ وہ یا ظالم بن جاتا ہے یا مظلوم !

○

ہماری خواہشوں کی عمر بالعموم ہماری طبعی عمر سے زیادہ لمبی ہوتی ہے ـــــ یُوں پھر خواہشوں کو غیر طبعی موت مَرنا پڑتا ہے۔

○

یہ دُنیا صرف اس لیے قابلِ تکریم ہے کہ ـــــ بہت سی قابلِ تکریم ہستیوں کا گزر اِسی دُنیا سے ہوا ہے۔

○

زِندگی میں ایک سبق ہے کیونکہ ـــــ زندگی نے ایک دن سو جانا ہے ـــــ زندگی کے سو جانے کا نام موت ہے!
موت میں بھی ایک سبق ہے کیونکہ ـــــ موت نے ایک دن بیدار ہو جانا ہے ـــــ اور موت کی بیداری کا نام قیامت ہے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

علم ——— جہالت سے نجات دیتا ہے۔
اور فقر ——— علم سے !

○

مَیں نے نصیحت کرنے والوں سے یہ نصیحت پکڑی کہ ———
آئندہ مَیں کسی کو نصیحت نہیں کروں گا !!

○

مشقّت سے بھاگنے کی مشقّت ——— مشقّت اختیار کرنے سے کہیں زیادہ ہوتی ہے۔
سچ تو یہ ہے کہ مشقّتوں میں کُود جانے والے بڑے آرام میں رہتے ہیں۔

○

اگر ہم اپنے چھوٹوں کے ساتھ مخلص ہیں تو ہمیں چاہیئے کہ اَپنے بڑوں کے ساتھ باادب ہو جائیں۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

دوست ——— !

ناکامی اتنی بُری چیز نہیں ہے کیونکہ ———

کسی بُرے کام میں ناکامی، گناہ سے بچت بھی ہے!

○

دوست ——— !

زندگی ENJOY کرنے کی بات نہ کرو ———

——— اگر ہمت ہے تو آزمائش ENJOY کرنے کی بات کرو۔

○

خاموشی کوئی بھی مکمل خاموش نہیں ہوتی ———

——— ہر خاموشی کا ایک مطلب ہوتا ہے

○

زندگی ——— ہمارے ظرف کا امتحان ہے!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

کمزور انسان کون ہوتا ہے ؟

——— وہ جو اپنے ہی جیسے کسی انسان کی شاباش پر شادمان ہو جائے اور ملامت پر ملول ہو جائے۔

○

ہمارے پاس اپنی عقلمندی کے دعوے کی دلیل عام طور پر اس کے سوا اور کچھ نہیں ہوتی کہ ——— باقی سب بیوقوف ہیں۔

○

آزاد وہ ہے جو نفع و نقصان کے اندیشے سے آزاد ہے۔

○

انسان کا مستقبل موت نہیں ——— زندگی ہے

——— ہمارا وجود اس بات کی دلیل ہے کہ انسان صفحۂ ہستی سے کبھی نہیں مٹا !

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

انسان نے آج تک خدا کی پرستش کی ہے
یا معاشرے کی اور ـــــ یا پھر اپنے نفس کی۔
معاشرے کی پرستش ـــــ اپنے نفس ہی کی پرستش
کی ایک شکل ہے کیونکہ ـــــ
ـــــ معاشرہ کیا ہے ـــــ؟
ـــــ بہت سے نفوس کا اجتماع !!

○

وہ شخص جلد مَر جائے گا جو ـــــ صرف اپنے لئے
زندہ ہے۔
وہ شخص کبھی نہیں مَرے گا جو ـــــ دوسروں کے لئے
زندہ ہے۔

○

بندوں کے حقوق اصل میں اللہ ہی کے حقوق ہیں۔ کیونکہ
ـــــ بندے سارے کے سارے اللہ ہی کے بندے تو
ہیں!

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

تمہارے حق کا تم پر یہ حق ہے کہ ـــــ اِسے جتلاؤ مت!
حق جتلانے سے حق شاید بڑھ جاتا ہے ـــــ لیکن
عزت یقیناً کم ہو جاتی ہے۔
کیا ـــــ تمہاری عزت کا تم پر کوئی حق نہیں؟؟

○

عام آدمی اور خاص آدمی میں کیا فرق ہوتا ہے ـــــ؟
بس یہی کہ ـــــ عام آدمی عبرت بننا پسند کرتا ہے اور
ـــــ خاص آدمی عبرت پکڑنا!

○

خوشحال معاشرے کی تلاش میں ہو ـــــ؟
معاشرہ اُس وقت تک خوشحال نہیں ہو سکتا جب تک
اس کا ہر فرد اِس کے لئے اپنے اپنے مفادات کی
زکوٰۃ نہ نکالنے لگے۔

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

انسان ـــــــ اگر اپنی عظمت کو پالے تو وہ یہ دعویٰ کر سکتا ہے کہ ـــــــ

ـــــــ زمین اُس کے لئے بچھائی گئی

ـــــــ آسمان اُس کے لئے اٹھائے گئے

اور ـــــــ آدمؑ اور پانی اس کے لئے اتارے گئے !

○

گناہ ـــــــ وہ واحد شئے ہے جسے گنہگار بھی بُرائی سمجھتا ہے !

○

فی الوقت تمہاری کامیابی اسی میں ہے کہ کامیابی کے معنی بدل ڈالو۔

دوست ـــــــ !

کامیابی کے معنی بدل ڈالو ـــــــ تاکہ تمہارا عمل بدل جائے۔

اِس دُنیا میں بے شمار ناکامیاں ، کامیاب اور بے شمار کامیابیاں ، ناکام کہلائی جا چکی ہیں۔

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

ہمارا علم _____ لاعلمیوں کی ایک داستان ہے۔

عشق میں شرک نہیں ہوتا کیونکہ _____ عشق صرف ایک سے ہوتا ہے!

حکمت کا ابلاغ _____ اس کے اختصار پن میں پوشیدہ ہے۔

غرور _____ ایک نشہ ہے اور _____ نشے کے بارے میں سب سے زیادہ یقینی بات اِس کا ٹوٹ جانا ہے۔

کم ظرفی، خود پسند رہتی ہے اور _____ خود پسند محبت سے محروم رہتا ہے!

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

کیا فرائض کی ادائیگی کو نیکی کا نام دیا جا سکتا ہے ——— ؟
فرائض کی ادائیگی تو بس اِک فرض ہے ———
نیکی تو احسان کا نام ہے ۔ !

○

انسان کی لاعلمی کی انتہا یہ ہے کہ یہ اپنی لاعلمی کے بارے میں لاعلم رہتا ہے۔
لاعلمی کا علم ہو جانا ——— علم کہلاتا ہے !

○

اپنی ذات کی تشہیر ——— اپنے اوپر عدم یقین کا اظہار ہے ——— کیونکہ یقین تشہیر کی ضرورت سے بے نیاز ہوتا ہے۔

○

گناہ سے بچو ——— تاکہ اپنا احترام کر سکو !

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

زندگی منزل نہیں ——— زندگی سفر ہے ———
——— زندگی راستہ ہے۔
کہتے ہیں سفر خاموشی کی اوڑھنی اوڑھ کر کرتے
ہیں ——— اور راستے میں دوسروں سے اُلجھتے نہیں۔

○

دوست ———!
وُسعت ڈھونڈنے کِدھر چلے ———؟
وُسعت تمہاری آنکھ کا نام ہے ——— بَس آنکھ
کے کُھل جانے کا نام !!

○

دُکھ کیا ہے ———؟
دُکھ ——— بیرونی دُنیا میں ایک ناپسندیدہ مظہر کا نام ہے۔
پسند بھی ہماری اور ناپسند بھی ہماری ——— سو اپنے
دُکھ کا انتخاب ہم خود کرتے ہیں !

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

انسان کے پاس جتنا بھی علم ہے وہ اندازوں کا علم ہے ——
کیا —— اندازے قابلِ اعتبار ہوتے ہیں ؟؟

○

اگر —— غرور کا انجام عاجزی ہی ہے تو —— پھر
غرور کرنے پر وقت کیوں ضائع کیا جائے !!!

○

ہر دَور کا انسان —— اپنے دَور کو آخری دَور سمجھ کر
گزارتا ہے۔ اس لئے وہ پچھلے کسی دَور سے کوئی سبق حاصل
نہیں کرتا۔
پچھلے کسی دَور سے کوئی سبق حاصل نہ کرنے والا —— آنے
والے دَور کے لیے کیا سبق چھوڑ کر جائے گا !!

○

تنہائی —— ایک مقدس عبادت گاہ ہے

○

Scanned by CamScanner

www.urdukutabkhanapk.blogspot.com

طاقت صرف تلوار کو نہیں کہتے۔

دوست ——— !

بہتے ہوئے لہو کا نام بھی طاقت ہے!

○

عقل سے فرار ——— عقل کے بغیر ممکن نہیں۔

○

تکلیف کسے کہتے ہیں ——— ؟

تکلیف ——— دوسروں کی تکلیف کو کہتے ہیں۔

اوز درد ——— ؟

تکلیف محسوس کرنے کی صلاحیت کا نام!

○

غم ——— برداشت سے ماورا کا نام ہے۔

Scanned by CamScanner